**مروجہ اور مجوزہ اقدامات برائے**
**فروغ نسلی امتیاز**

**کاؤنسل برائے تعمیراتی صنعت**

دیرینہ اسٹریٹیجک امور پر اتفاق رائے پیدا کرنا، صنعتی ضروریات اور خواہشات کو حکومت تک پہنچانا نیز تمام تعمیراتی معاملات سے متعلق صلاح مشورے کے لیے حکومت کو ابلاغیاتی چینیل فراہم کرنا کاؤنسل برائے تعمیراتی صنعت (جسے ذیل میں "CIC" کا نام دیا گیا ہے) کے بنیادی فرائض میں شامل ہے۔ صنعت بھر میں بہتری کی تشہیر کی غرض سے ضابطہ اخلاق وضع کرنے، اندراج کے انتظام اور درجہ بندی اسکیم، تحقیقی پیش رفت اور افرادی قوت کی ترقی، تعمیراتی معیارات اختیار کرنے میں سہولیات کی فراہمی، اچھے کاموں کے فروغ اور کارکرگی کے معیارات مرتب کرنے کا اختیار CIC کو دیا گیا ہے۔

CIC اپنے کل وقتی پروگرامز، جزو وقتی پروگرامز اور معاونتی تربیتی اسکیمز کے ذریعے سالانہ تقریباً 80،000 تعمیراتی پیشہ ور کی تربیت کرتا ہے جن مختلف نسلوں کے افراد سے تعلق رکھنے والے کارکنان شامل ہیں۔ مزید برآں، CIC تعمیراتی پیشہ وروں (بشمول سول اور عمارتی تعمیرات ٹریڈ امتحانات، تعمیرات سے متعلق الیکٹریکل اور مکینیکل ٹریڈ امتحانات، مشینریز اور کرینز آپریشنز کے لیے اسنادی امتحانات) کو ٹریڈ امتحانات بھی فراہم کرتا ہے۔

متعلقہ خدمات

- CIC کام کرنے اور رہنے کے لئے مساوی مواقع فراہم کرنے والے ماحول کی فراہمی کے لیے پر عزم ہےاور اس ضمن میں اپنے تمام ملازمین، زیر تربیت افراد، مہمانان اور عوام کے لیے تمام امتیازات، ہراسگی اور کردار کشی سے آزاد ہے۔
- کاؤنسل برائے تعمیراتی صنعت آرڈیننس کی شق 29 کے تحت CIC نے تعمیراتی صنعت کے لئے تربیتی کورسز اور ٹریڈ امتحانات خدمات کی فراہمی کے لئے "تعمیراتی صنعت تربیتی بورڈ" قائم کیا ہے۔

موجودہ اقدامات

پالیسی

- CIC نے اپنی مساوی مواقعوں کی پالیسی وضع کی ہے تاکہ اس بات کو یقینی بنایا جا سکے کہ تمام ملازمین CIC کے کسی دیگر ملازم، طلباء، مہمانان یا CIC خدمات کے کسی صارف کے ساتھ امتیازی سلوک، ہراسگی یا ان کی کردار کشی نہیں کی جائے گی۔ مساوی مواقعوں کی پالیسی CIC سے توثیق شدہ ہے اور تمام عملے کو جاری کردہ ہے۔

عملے کی تربیت

- CIC اپنی مساوی مواقعوں کی پالیسی پر عمل پیرا ہوتے ہوئے مساوی مواقعوں کی بنیاد پر ہراول عملے اور انتظامی عملے کے لیے باقاعدگی سے تربیتی کورسز کا انتظام کرتی ہے۔ مساوی مواقعوں کے کمیشن (EOC) کے نمائندگان CIC عملے کے ساتھ نسلی امتیاز کے آرڈیننس کا تبادلہ کرتا ہے جس میں ووکیشنل تربیت سے متعلقہ معاملات پر توجہ دی جاتی ہے۔

تربیتی اور ٹریڈ امتحانی خدمات برائے مختلف نسلوں کے افراد

- فی الحال CIC ایسے زیر تربیت افراد کے لیے انگریزی میں 3 کل وقتی شارٹ کورسز پیش کرتا ہے جو مخصوص دستکاری مہارتوں کے ساتھ تعمیراتی صنعت میں اپنی کیریئر بنانا چاہتے ہیں۔ طلباء اس تربیت کے دوران یومیہ وضیفہ حاصل کریں گے۔ خدمات کو مزید آگے بڑھاتے ہوئے CIC تربیتی کورسز کی فراہمی میں معاونت کے لیے اضافی مترجم بھرتی کرے گا۔
- فی الحال چینی نہ بولنے والے تعمیراتی ماہرین کی حفاظتی آگاہی میں اضافے کے لیے حفاظت سے متعلق 28 جزو وقی کورسز پیش کرتا ہے۔
- CIC نے 2015 میں "نسلی اقلیتوں کے لیے مہارتوں میں اضافے کے کورسز" کے تحت 5 جزو وقتی کورسز متعارف کروائے ہیں تاکہ رجسٹرڈ جنرل ورکرز متعلقہ ٹریڈز میں رجسٹرڈ سیمی اسکلڈ ورکرز بن سکیں۔
- انگریزی امتحانی پرچہ جات بیشتر ٹریڈ امتحانات اور اسنادی امتحانات برائے مشینریز اور کرین آپریشن کے لئے دستیاب ہیں۔ CIC امیدواران کو امتحان کے دوران مترجم (CIC کے فراہم کردہ) کے ساتھ رہنے کی بھی اجازت دیتا ہے۔

ترقیاتی سرگرمیاں

- منظم شدہ تربیتی کورسز اور ٹریڈ امتحانات میں شرکت کی غرض سے مختلف نسلوں کے افراد کی توجہ مبذول کرانے کے لیے CIC درج ذیل ترقیاتی سرگرمیوں کا انعقاد کرتی ہے:
  - ➢ مختلف نسلوں کے افراد کے حاضر سروس ماہرین کے باقاعدہ دورے؛
  - ➢ اداروں کی خدمات اور میڈیا چینلز جو باقاعدگی سے رابطے میں ہیں، کے ذریعے مختلف نسلوں کے افراد کے لیے غیر معمولی سرگرمیاں؛ اور
  - ➢ تعمیراتی صنعت کی سمجھ بوجھ کے حوالے سے مختلف نسلوں کے افراد کی آگہی میں اضافے کے لیے تجرباتی پروگرامز جیسے کہ کئیر کے حوالے سے بات چیت، جشن، روزگار کی تلاش کے میلے اور خاندان بھر کے لئے پر لُطف تقریبات؛
- CIC نے فنون عامہ کے لئے انگریزی زبان میں تعلیمی مواد مرتب کیا ہے۔ مختلف نسلوں کے افراد سے تعلق رکھنے والے طلباء کو تعمیراتی صنعت کے بارے میں مزید جاننے کے لیے CIC متعلقہ سیکنڈری اسکولز اور مختلف نسلوں کے افراد کے گروہ کو خدمات فراہم کرنے والے غیر حکومتی اداروں کے ساتھ اشتراک کرتا ہے۔

<u>نسلی اقلیتوں کی خدماتی ٹیم</u>

- مختلف نسلوں کے افراد کے ماہرین کی بڑھتی تعداد کے پیش نظر CIC نے مختلف نسلوں کے افراد کو خدمات اور معاونت کی فراہمی میں اضافے کے لیے نسلی اقلیتی خدماتی ٹیم ترتیب دی ہے، بشمول:
  - ➢ CIC خدمات کے فروغ کے لیے متعلقہ اداروں اور برادریوں کے باقاعدگی سے دورے؛
  - ➢ مختلف نسلوں کے افراد کے زیر استعمال زبانوں میں ٹریڈ ٹیسٹنگ موک پیپر کے ترجمے؛
  - ➢ امیدواران اور طلباء کو ترجمانی اور ترجمے کی خدمات فراہم کرنا:
  - ➢ CIC خدمات کے فروغ کے لیے سرگرمیوں کا انتظام اور شرکت۔

مستقبل کے کام کا تعین

- CIC ہر سال اپنی مساوی مواقعوں کی پالیسی کا جائزہ لیتی ہے۔
- CIC اپنے عملے اور طلباء کی آگہی میں اضافے اور نسلی مساوات کی حساسیت کے بارے میں تازہ ترین معلومات کی فراہمی جاری رکھے گی۔

- CIC بالا کورسز کی مانگ اور اثر انگیزی کو زیر غور لائے گی۔
- تعمیراتی تربیت اور ٹریڈ ٹیسٹ کے ضمن میں اٹھائے گئے حالیہ اقدامات اور معاونتی خدمات پر CIC مختلف نسلوں کے افراد کے گروہوں سے آراء طلب کرتی رہے گی۔

موجودہ یا مستقبل کے اضافی اقدامات

<u>کورسز کی فراہمی اور ٹریڈ امتحانات</u>

- مستقبل میں مانگ بڑھنے پر CIC موذوں کورسز اور ٹریڈ امتحانات انگریزی میں پیش کرنے پر غور کر سکتی ہے۔

<u>مختلف نسلوں کے افراد کے زیر استعمال زبانوں میں ٹریڈ ٹیسٹنگ امتحانات</u>

- مختلف نسلوں کے افراد میں معروف ترین ٹریڈز کے لیے تین زبانوں (یعنی کہ نیپالی، ہندی اور اردو) میں ٹریڈ ٹیسٹ پیپرز کی فراہمی کی پائلٹ اسکیم کا آغاز۔ CIC دیگر ٹیسٹ پیپرز کو بیان کردہ زبانوں میں ترجمہ کرنے پر غور کرے گی۔

<u>لسانی اقلیتی کی ذیلی کمیٹی کی تشکیل</u>

- CIC نے تعمیر میں نسلی اقلیتوں پر ایک ذیلی کمیٹی تشکیل دی ہے تاکہ تعمیراتی صنعت کو مختلف نسلوں کے لوگوں کو فروغ دیا جائے اور CIC خدمات کو مسلسل بڑھایا جائے۔

نسلی مساوات کے فروغ کے ضمن میں مروجہ اور مجوزہ اقدامات سے متعلق سوالات کے لیے براہ کرم مختار دفتر سے رابطہ کریں:

| | | |
|---|---|---|
| ٹیلیفون نمبر | : | (852) 2100 9000 |
| رابطہ | : | لسانی اقلیتی خدمت گار<br>Ms. Alanna Tsui |
| فیکس نمبر | : | (852) 2100 9249 |
| ای میل | : | emservice@cic.hk |
| ڈاک کا پتہ | : | 38/F, COS Centre, 56 Tsun Yip Street, Kwun Tong, Kowloon, Hong Kong. |

**تعمیراتی صنعتی کاؤنسل**
**مئی 2023**